رول نمبر:.............

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

**وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60**

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!

(iii) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح
اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

(iv) اڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

**(حصہ غزل)**

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

(vi) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vii) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) میں ایسے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کر سکتا تھا؟ مختصر سا سامان پڑھنے لکھنے کا لے کر میں ان کے ساتھ ہو لیا۔ ایڈیٹر معارف سے وعدہ کر چکا تھا کہ ایک خاص عرصے میں ان کی خدمت میں ایک مضمون بھیجوں گا۔ شاکر صاحب کی کوٹھی پر پہنچ کر میں نے وہ کمرا دیکھا، جو میرے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اس کی کھڑکی پائیں باغ کی طرف کھلتی تھی اور ایک نہایت ہی دل فریب نیچرل منظر میری آنکھوں کے سامنے ہوتا تھا۔

(ii) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے، مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟
(ii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟
(iii) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
(iv) بارش کم ہونے کے باوجود نام دیو مالی کا چمن ہرا بھرا تھا۔ کیوں؟
(v) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟
(vi) شاعر نے مینہ برسنے کے بعد مال گودام روڈ کی کیا حالت بیان کی ہے؟
(vii) "حمد" میں خالق کی کن کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟
(viii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) نظریہ پاکستان (ii) چغل خور 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) شہری اور دیہی زندگی (ii) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ (iii) دہشت گردی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

پنجاب کی حد اُن دنوں میں غزنی تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گذارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

(i) کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی؟
(ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(iii) "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
(iv) وہاں رضائی کا گذارہ کیوں نہیں تھا؟
(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

502-X119-80000